MODEL QUESTION PAPER

PART - III, PAPER - I

MODERN LANGUAGE URDU

Max Marks 100 Time : 3 hours

I۔ ذیل میں دیئے گئے اقتباسات سے کسی چار کی بحوالہ متن تشریح کیجئے؟ 4×5=20

(1) ساری رات دروازے گھروں کے بند نہ ہونے اور دُکانیں بازار کی کُھلی رہتیں، راہی، مسافر، جنگل، میدان میں سونا اُچھالتے چلے جاتے۔ کوئی نہ پوچھتا کہ تمہارے منہ میں کئے دانت ہیں اور کہاں جاتے ہو۔

(2) بھئی تمہیں میرے سر کی قسم سچ کہنا ایسے خوبصورت، خوش قطع سڈول چنے تم نے بھی کبھی دیکھے تھے۔

(3) تو میں چوری کرنے آیا تھا؟ میں چور ہوں؟ چور کی ایسی صورت ہوتی ہے؟

(4) ادھر خاردار تاروں کے پیچھے ہندوستان تھا۔ اُدھر ویسے ہی تاروں کے پیچھے پاکستان تھا۔ درمیان میں زمین کے اس ٹکڑے پر جس کا کوئی نام نہیں تھا ٹوبہ ٹیک سنگھ پڑا تھا۔

(5) ہاں! وہ شخص بلاشبہ معزز ہے جس کا دل اس کو معزز جانتا اور معزز سمجھتا ہو جس کو انگریزی میں سیلف رسپکٹ کہتے ہیں۔

(6) چند لکھنو والے پہلے آپ پہلے آپ کہتے رہے اور ریل چھوٹ گئی، چنانچہ دونوں اسٹیشن پر پڑے رہے۔

(7) ہندوستان میرا جنم بھوم اور میرا اپنا وطن ہے اور آنحضرتؐ نے کہا ہے وطن سے محبت ایمان کا جزو ہے۔

(8) اگر آپ زبان و بیان پر تھوڑی سی قدرت رکھتے ہیں تو کرسی ملتے ہی عظیم ادیب و شاعر کہلائیں گے۔

II ذیل سے کسی ایک مضمون کا خلاصہ لکھیئے۔ **20×1=20**

(1) عزت

(2) ٹوبہ ٹیک سنگھ

(3) حضرت امیر خسروؒ

III ذیل میں دیئے گئے اشعار سے کسی چار کی تشریح کیجئے؟

4×5=20

(1) نہیں عشق جس کو وہ بڑا کوڑ ہے
کدھیں اس سے مِل بیسا جائے نا

(2) عمرِ دراز مانگ کے لائے تھے چار دن
دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

(3) وہ جو ہم میں تم میں قرار تھا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو
وہی یعنی وعدہ نباہ کا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

(4) جو چشم کہ حیران ہوئی آئینہ سے اس کی
جو سینہ کہ صد چاک ہوا شانا ہے اس کا

(5) جگ سونا ہے تیرے بغیر آنکھوں کا کیا حال ہوا
جب بھی دنیا بستی تھی اب بھی دنیا بستی ہے

(6) جب ہوا عرفان تو غم آرامِ جاں بنتا گیا
سوزِ جاناں دل میں سوزِ دیگراں بنتا گیا

(7) کانٹوں سے بھرا ہوا دامن نگاہ کا
اب گلشنوں نے پھول کھلائے تو کیا ہوا

(8) خبر تحیر عشق سن نہ جنوں رہا نہ پری رہی
نہ تو تو رہا نہ تو میں رہا جو رہی سو بے خبری رہی

IV ذیل سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیئے؟ 1×20=20

(1) چپ کی داد (2) رامچند رجی کا ماں سے رخصت ہونا

(3) حقیقتِ حُسن

V 1×10=10

(الف) اختر شیرانی کی سانٹ ''عورت'' کا خلاصہ لکھیئے

یا

نثری نظم سے متعلق اپنی معلومات کا اظہار کیجئے؟

(ب) ضمیر کی تعریف کیجئے اور اس کی قسموں کو مثالوں کے ذریعے بیان کیجئے؟

1×10=10

یا

فعل کی تعریف کیجئے اور فعل کی بلحاظِ زمانہ قسموں کو مثالوں کے ذریعے بیان کیجئے؟